سُورَةُ المُطَفِّفِين
ناپ اور تول میں کمی
کرنے والے
القرآن ٨٣:٠١-٣٦
QuranicQuotes.com

وَيۡلٌ لِّلۡمُطَفِّفِينَ

ہلاکت ہے ناپ تول کمی کرنے والوں کے لیے۔

القرآن ۱:۸۳

QuranicQuotes.com

ٱلَّذِينَ إِذَا ٱكْتَالُوا۟ عَلَى ٱلنَّاسِ يَسْتَوْفُونَ

وہ لوگ کہ جب دوسروں سے ناپ کرلیتے
ہیں تو پورا لیتے ہیں۔

القرآن ۸۳:۰۲

QuranicQuotes.com

وَإِذَا كَالُوهُمْ أَو وَّزَنُوهُمْ يُخْسِرُونَ

اور جب خود انہیں ناپ کر یا تول کردیتے
ہیں تو کمی کردیتے ہیں۔

القرآن٨٣:٠٣

QuranicQuotes.com

أَلَا يَظُنُّ أُولَٰٓئِكَ أَنَّهُم مَّبْعُوثُونَ

کیا ان کو یہ گمان نہیں کہ وہ دوبارہ اٹھائے
جانے والے ہیں۔

القرآن ۸۳:۰۴

QuranicQuotes.com

لِيَوۡمٍ عَظِيۡمٍ

ایک بڑے دن کے لیے۔

القرآن ۸۳:۵

QuranicQuotes.com

يَوْمَ يَقُومُ ٱلنَّاسُ لِرَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ

جس دن کہ لوگ کھڑے ہوں گے تمام
جہانوں کے رب کے سامنے۔

القرآن ٨٣:٠٦

QuranicQuotes.com

كَلَّآ إِنَّ كِتَـٰبَ ٱلْفُجَّارِ لَفِى سِجِّينٍۢ

ہرگز نہیں ! یقینا گناہگاروں کے اعمال نامے
سجین میں ہوں گے۔

القرآن٨٣:٠٧

QuranicQuotes.com

وَمَآ أَدْرَىٰكَ مَا سِجِّينٌ

اور تم نے کیا سمجھا کہ سجین کیا ہے ؟

القرآن ٨٣:٠٨

QuranicQuotes.com

كِتَـٰبٌ مَّرْقُومٌ
ایک کتاب ہے لکھی ہوئی۔
القرآن٨٣:٩
QuranicQuotes.com

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِينَ

تباہی ہے اس دن جھٹلانے والوں کے لیے۔

القرآن ۸۳:۱۰

QuranicQuotes.com

ٱلَّذِينَ يُكَذِّبُونَ بِيَوْمِ ٱلدِّينِ
جو جھٹلا رہے ہیں جزا و سزا کے دن کو۔
القرآن ۸۳:۱۱
QuranicQuotes.com

وَمَا يُكَذِّبُ بِهِۦٓ إِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ أَثِيمٍ

اور نہیں جھٹلاتا اس دن کو مگر وہی کہ
جو حد سے بڑھنے والا گناہگار ہے۔

القرآن ۸۳:۱۲

QuranicQuotes.com

إِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِ ءَايَٰتُنَا قَالَ أَسَٰطِيرُ ٱلْأَوَّلِينَ

جب اسے پڑھ کر سنائی جاتی ہیں ہماری
آیات تو کہتا ہے کہ یہ تو پہلے لوگوں کی
کہانیاں ہیں۔

القرآن ۸۳:۱۳

QuranicQuotes.com

كَلَّا ۖ بَلْ ۜ رَانَ عَلَىٰ
قُلُوبِهِم مَّا كَانُوا۟ يَكْسِبُونَ

نہیں ! بلکہ دراصل ان کے دلوں پر زنگ
آگیا ہے ان کے اعمال کی وجہ سے۔

القرآن ۱۴:۸۳

QuranicQuotes.com

كَلَّآ إِنَّهُمْ عَن رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوبُونَ

نہیں ! یقینایہ لوگ اس دن اپنے رب سے
اوٹ میں رکھے جائیں گے۔

القرآن ۸۳:۱۵

QuranicQuotes.com

ثُمَّ إِنَّهُمْ لَصَالُوا۟ ٱلْجَحِيمِ
پھر انہیں جھونک دیا جائے گا جہنم میں۔
القرآن٨٣:١٦
QuranicQuotes.com

ثُمَّ يُقَالُ هَٰذَا ٱلَّذِى كُنتُم بِهِۦ تُكَذِّبُونَ

پھر ان سے کہا جائے گا : یہ ہے وہ چیز جس
کو تم جھٹلاتے تھے !

القرآن ٨٣:١٧

QuranicQuotes.com

كَلَّآ إِنَّ كِتَـٰبَ ٱلْأَبْرَارِ لَفِى عِلِّيِّينَ

نہیں ! یقینا نیکوکاروں کے اعمال نامے
علیین میں ہوں گے۔

القرآن ٨٣:١٨

QuranicQuotes.com

وَمَآ أَدْرَىٰكَ مَا عِلِّيُّونَ
اور تم کو کیا معلوم کہ علیون کیا ہے؟
القرآن ٨٣:١٩
QuranicQuotes.com

كِتَٰبٌ مَّرْقُومٌ
ایک کتاب ہے لکھی ہوئی۔
القرآن ٨٣:٢٠
QuranicQuotes.com

يَشْهَدُهُ ٱلْمُقَرَّبُونَ
وہاں موجود ہوں گے ملائکہ مقربین۔
القرآن ۸۳:۲۱
QuranicQuotes.com

إِنَّ ٱلْأَبْرَارَ لَفِى نَعِيمٍ

یقینا نیکوکار نعمتوں میں ہوں گے۔

القرآن ۸۳:۲۲

QuranicQuotes.com

عَلَى ٱلْأَرَآئِكِ يَنظُرُونَ
وہ تختوں پر بیٹھے دیکھ رہے ہوں گے۔
القرآن ۸۳:۲۳
QuranicQuotes.com


تَعۡرِفُ فِي وُجُوهِهِمۡ نَضۡرَةَ ٱلنَّعِيمِ
تم دیکھو گے ان کے چہروں پر تروتازگی کی علامات۔
القرآن۸۳:۲۴
QuranicQuotes.com

يُسْقَوْنَ مِن رَّحِيقٍ مَّخْتُومٍ

انہیں پلائی جائے گی خالص شراب جس
پر مہر لگی ہوگی۔

القرآن ٨٣:٢٥

QuranicQuotes.com

خِتَـٰمُهُۥ مِسْكٌ ۚ

وَفِى ذَٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ ٱلْمُتَنَـٰفِسُونَ

اس کی مہر ہوگی مشک کی۔ اس چیز کے
لیے سبقت لے جانے کی کوشش کریں
سبقت لے جانے والے۔

القرآن ٨٣:٢٦

QuranicQuotes.com

وَمِزَاجُهُۥ مِن تَسْنِيمٍ
اور اس کی ملونی ہوگی تسنیم سے۔
القرآن ٨٣:٢٧
QuranicQuotes.com

عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا ٱلْمُقَرَّبُونَ

یہ ایک چشمہ ہے جس پر پیتے ہیں مقربین
بارگاہ۔

القرآن۸۳:۲۸

QuranicQuotes.com

إِنَّ ٱلَّذِينَ أَجْرَمُوا۟
كَانُوا۟ مِنَ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ يَضْحَكُونَ
یقینا جو مجرم تھے وہ اہل ایمان پر
ہنسا کرتے تھے۔
القرآن٨٣:٢٩
QuranicQuotes.com

وَإِذَا مَرُّوا۟ بِهِمْ يَتَغَامَزُونَ

اور جب یہ ان کے قریب سے گزرتے تھے تو
آپس میں آنکھیں مارتے تھے۔

القرآن ۸۳:۳۰

QuranicQuotes.com

وَإِذَا ٱنقَلَبُوٓا۟ إِلَىٰٓ أَهْلِهِمُ ٱنقَلَبُوا۟ فَكِهِينَ

اور جب وہ اپنے گھر والوں کی طرف لوٹتے
تھے تو باتیں بناتے ہوئے لوٹتے تھے۔

القرآن٨٣:٣١

QuranicQuotes.com

وَإِذَا رَأَوْهُمْ قَالُوٓا۟ إِنَّ هَٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّونَ

اور جب وہ ان کو دیکھتے تھے تو کہتے تھے
کہ یقینا یہ بھکے ہوئے لوگ ہیں۔

القرآن ٨٣:٣٢

QuranicQuotes.com

وَمَآ أُرْسِلُوا۟ عَلَيْهِمْ حَـٰفِظِينَ

جب کہ انہیں نہیں بھیجا گیا تھا ان پر
نگران بنا کر۔

القرآن ۸۳:۳۳

QuranicQuotes.com

فَٱلْيَوْمَ ٱلَّذِينَ
ءَامَنُوا۟ مِنَ ٱلْكُفَّارِ يَضْحَكُونَ

تو آج (قیامت) کے دن اہل ایمان ان کفار پر
ہنس رہے ہیں۔

القرآن۸۳:۳۴

QuranicQuotes.com

عَلَى ٱلْأَرَآئِكِ يَنظُرُونَ
وہ تختوں پر بیٹھے دیکھ رہے ہیں۔
القرآن۸۳:۳۵
QuranicQuotes.com

هَلْ ثُوِّبَ ٱلْكُفَّارُ مَا كَانُوا۟ يَفْعَلُونَ
بدلہ مل گیا کافروں کو اس کا جو کچھ وہ
کیا کرتے تھے !
القرآن٨٣:٣٦
QuranicQuotes.com